Z-48-Z

Roll No. ....................................

Total No. of Questions : 13]

[Total No. of Printed Pages : 14

# $11^{th}$ARM(SZ)JKUT2024

# 1248–Z

# URDU

Time : 3 Hours]

[Maximum Marks : 100

حصہ ''الف''

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے : ۵×۲=۱۰

(الف) ''سِلک روٹ یا شاہراہِ ابریشم قدیم دُنیا کی سب سے مشہور لمبی پُر اسرار شاہراہ ہے، جو روئے زمین پر انتہائی دشوار گذار خطوں سے گزرتی ہے۔ یہ چین سے ہوتی ہوئی یورپ میں



https://www.jkboseonline.com

قدیم سلطنت روما تک جاتی تھی۔ چین کے شہر گوانگ زہو سے بحیرِ روم کی بندرگاہ تک اس کی لمبائی تقریباً پندرہ ہزار کلومیٹر تھی۔ ایک سرے سے دوسرے سرے تک مال و اسباب کی نقل و حمل میں ایک سال کا عرصہ لگتا تھا۔ شاہراہ پر بہت سارے شہر، قصبے اور بستیاں آباد تھیں۔ مسافروں اور تاجروں کی رہائش کے لیے جا بجا سرائیں تھیں۔''

سوالات:

(i) سِلک روٹ کا دوسرا نام کیا تھا؟

(ii) یہ کہاں سے شروع ہو کر کہاں تک جاتی تھی؟

(iii) گوانگ زہو سے بحیرِ روم تک اس کی لمبائی کتنی تھی؟

(iv) ایک سرے سے دوسرے سرے تک سامان لے جانے میں کتنا عرصہ لگتا تھا؟

(v) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور مصنف کون ہے؟



https://www.jkboseonline.com

(ب) ''شاعرِ اعظم ٹیگور نے اپنی کتاب 'گریٹر انڈیا' میں بڑے پتے کی بات کہی ہے کہ ہندوستان کی تاریخ صرف ہندوؤں کی تاریخ نہیں ہے۔ صدیوں پہلے مسلمان اپنی مذہبی اور تہذیبی میراث لے کر آئے اور یہاں کی تاریخ کا حصہ بنے۔ اب انگریز اپنا سرمایہ لے کر آئے ہیں اور اس کا جزو بن رہے ہیں۔ نیا ہندوستان کسی ایک مذہب یا نسل کے لوگوں کی جاگیر نہیں ہے۔ یہاں مختلف مذہبوں اور تہذیبوں کو مل کر امن اور محبت کی زندگی بسر کرتا ہے۔''

سوالات:

(i) شاعرِ اعظم ٹیگور کی کتاب کا نام کیا ہے؟

(ii) صدیوں پہلے اپنی میراث لے کر کون آئے؟

(iii) اب کون اس کا جزو بن رہے ہیں؟

(iv) نیا ہندوستان کس کی جاگیر نہیں ہے؟

(v) یہ عبارت کس سبق سے لی گی ہے اور مصنف کون ہے؟



https://www.jkboseonline.com

۲۔ 'حاتم کی سخاوت' یا 'ایک یادگار وصیت' کا خلاصہ لکھیے۔

۳۔ صرف دو سوالات کے جواب لکھیے :

(i) نوفل کو حاتم سے کس وجہ سے دشمنی تھی ؟

(ii) پہلی بڑھیا کو گھر سے کیوں نکال دیا گیا ؟

(iii) ''آخری قدم'' کے نیک آدمی کی کتاب کا نام کیا تھا ؟ وہ اس کتاب میں کیا اندراج کرتے تھے ؟

(iv) قدیم دُنیا کی سب سے لمبی اور پر اسرار شاہراہ کا نام لکھیے۔

۴۔ میر امّن دہلوی کے حالاتِ زندگی لکھیے۔

(یا)

''مختصر افسانہ'' کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔



https://www.jkboseonline.com

حصہ "ب"

۵۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف دو کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجئے : ۶

(i) کیا ہمیں کام ان گلوں سے اے صبا
ایک دم آئے اِدھر اودھر چلے

(ii) قناعت نہ کر عالمِ رنگ و بو پر
چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں

(iii) ہوں اس کوچہ کے ہر ذرہ سے آگاہ
اُدھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

(iv) ان نگاہوں کے سب کرشمے ہیں
ورنہ یہ اضطراب پیہم کیا



https://www.jkboseonline.com

(یا)

کسی ایک شعری جز کا مفہوم شاعر اور صنفِ شعر اور عنوان کے ساتھ لکھئے :

(i) کہا گو جدائی گوارا نہیں

ولیکن جدائی سے چارہ نہیں

نہیں خوب اتنا تمہیں اضطراب

نصیبوں سے شاید ملے وہ شتاب

خدا جانے اب اس میں کیا بھید ہے

یہ کہتے ہیں جیتوں کو اُمید ہے

(ii) کہا مجنوں نے یہ اچھی سنائی

کجا عاشق کجا کالج کی بکواس



https://www.jkboseonline.com

کجا یہ قدرتی جوشِ طبیعت

کہاں ٹھونسی ہوئی چیزوں کا احساس

بڑی بی آپ کو کیا ہو گیا ہے

ہرن پر لادی جاتی ہے کہیں گھاس

۶۔ علامہ اقبالؔ کی غزل گوئی کی خوبیاں تحریر کیجیے۔ ۵

۷۔ نظم ''خودستائی'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجیے۔ ۴

۸۔ ''مثنوی'' یا ''غزل'' پر ایک نوٹ لکھیے۔ ۴

۹۔ درج ذیل اصطلاحات میں سے صرف دو کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے: ۶

(i) مطلع۔

(ii) مقطع۔



https://www.jkboseonline.com

(iii) شاہ بیت

(iv) تضاد

(v) تشبیہ

حصہ "ج"

دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر دو سو (۲۰۰) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے : ۱۵

(i) آپ کی زندگی کا مقصد

(ii) جنگلات کے فائدے

(iii) میرے کشمیر کی ہر شئے حسین ہے

اپنے چھوٹے بھائی کو پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیل کود میں حصہ لینے کی تلقین ایک خط لکھ کر کیجئے۔ ۱۰



https://www.jkboseonline.com

(یا)

''سماج میں ''جہیز کے بُرے اثرات'' کے بارے میں ایک اشتہار تحریر کیجئے۔

(یا)

اپنے شہر میں منائے گئے ''یوم آزادی'' کی تقریب کی اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔

حصہ ''د''

۱۲۔ صرف دو سوالات کے جواب لکھئے :

(i) فورٹ ولیم کالج نے اردو زبان و ادب کی ترقی کے لیے کیا کچھ کیا ؟ تحریر کیجئے۔

(ii) اردو زبان کے آغاز سے متعلق کوئی ایک مستند نظریئے کی وضاحت کیجئے۔



https://www.jkboseonline.com

(iii) ''انجمن پنجاب اردو'' نے نظم نگاری کی ترقی کے لئے کیا اقدامات کئے ؟

(iv) اسم فاعل، اسم مفعول اور فعل کی تعریف مع مثال لکھئے۔

۱۲۔ معروضی سوالات کے جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کیجئے : ۱۰×۱=۱۰

(i) میر امّن دہلوی کی مشہور داستان کا نام کیا ہے ؟

(ا) نوطرزِ مرصع

(ب) باغ و بہار

(ج) قصہ چہار درویش

(د) سحرالبیان

(ii) ڈاکٹر ذاکر حسین نے نصابی کتاب کا کون سا سبق لکھا ہے ؟

(ا) حاتم کی سخاوت

(ب) سلک روٹ

(ج) محلے کی ہولی

(د) آخری قدم

(iii) رشید احمد صدیقی کس سنہ میں پیدا ہوئے ؟

(ا) ۱۸۹۲

(ب) ۱۷۹۲

(ج) ۱۶۹۲

(د) ۱۹۹۲



https://www.jkboseonline.com

(iv) ایک غزل میں کم از کم کتنے اشعار ہونے چاہئیں ؟

(ا) تین

(ب) چار

(ج) پانچ

(د) چھ

(v) درسی کتاب میں شامل حالؔی کی نظم کا نام کیا ہے ؟

(ا) خودستائی

(ب) بنجارا نامہ

(ج) رات اور ریل

(د) خاکِ ہند



https://www.jkboseonline.com

(vi) میر حسن کی مشہور مثنوی کا نام کیا ہے ؟

(ا) سحر البیان

(ب) گلزارِ نسیم

(ج) زہرِ عشق

(د) اعجازِ عشق

(vii) لفظ ''دوست'' کا متضاد کون سا لفظ ہے ؟

(ا) یار

(ب) ساتھی

(ج) ہم جماعت

(د) دشمن



https://www.jkboseonline.com

(viii) لفظ ''خبردار'' کس قسم کے حروف میں شامل ہے ؟

(ا) حروف شرط

(ب) حروف تنبیہ

(ج) حروف تاکید

(د) حروف ندا

(ix) ''وہ ایک نیک لڑکا ہے۔'' اس جملے میں کون سا صفت استعمال کیا گیا ہے ؟

(ا) صفت ذاتی

(ب) صفت نسبتی

(ج) صفت عددی

(د) صفت مقداری



https://www.jkboseonline.com